© rasailojaraid.com

تبصرے

پنجاب یونیورسٹی میں فارسی اُردو اور عربی مخطوطات کی ایک مفصل فہرست

مرتبہ ڈاکٹر سید محمد عبداللہ۔ تقطیع کلاں ضخامت ۵۰۷ صفحات شائع کردہ پنجاب یونیورسٹی لاہور

ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں پنجاب یونیورسٹی لاہور کو اس بات کا امتیاز و فخر حاصل ہے کہ وہاں عربی فارسی اور اردو کی تعلیم اور ان سے متعلقہ مضامین پر ریسرچ کا اعلیٰ انتظام ہے یہ سب کچھ پروفیسر مولوی محمد شفیع۔ پروفیسر اقبال مرحوم اور پروفیسر شیرانی مرحوم کی کوششوں کا نتیجہ ہے جنہوں نے ہندوستان میں ان مضامین کی تعلیم و تحقیق کا معیار یورپ کی کسی بڑی سے بڑی یونیورسٹی کے برابر کر دیا تھا اس سلسلہ میں ان تینوں حضرات نے پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں عربی فارسی اور اردو کے مخطوطات کا بلی الیاعمدہ ذخیرہ فراہم کر دیا تھا کہ کسی دوسری جگہ مجموعی طور پر نظر نہیں آتا۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ انھیں فاضل پروفیسروں کے تربیت یافتہ خصوصی اور ان کے جانشین ڈاکٹر سید عبداللہ نے ان مخطوطات کی مفصل فہرست مرتب کرنے کا ذمہ اٹھایا ہے چنانچہ زیر تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی دوسری کڑی ہے۔ پہلی فہرست میں تاریخ کی کتابوں کا تذکرہ تھا اس فہرست میں ان ۱۷۰ مخطوطاتِ فارسی کا تذکرہ ہے جو فارسی شاعری سے تعلق رکھتی ہیں فاضل مرتب نے جو اپنی علمی تحقیقات کے باعث کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں اس فہرست کو کیمبرج یونیورسٹی کی فہرست مخطوطات کے نمونہ پر مرتب کیا ہے جس سے ایک مخطوطہ کے متعلق مفصل معلومات یعنی یہ کہ وہ کس موضوع پر ہے۔ کب لکھا گیا ہے

© rasailojaraid.com